کلیاتِ ظہوری
جب مسجدِ نبویؐ کے مینار نظر آئے
اللہ کی رحمت کے آثار نظر آئے
منظر ہو بیاں کیسے الفاظ نہیں ملتے
جس وقت محمدؐ کا دربار نظر آئے
محمد علی ظہوری

کلمات ظہوری

ملنے کے پتے

مکتبہ رحمانیہ' اقرا سنٹر' اردو بازار لاہور

سعد پبلیکیشنز' فرسٹ فلور میاں مارکیٹ' اردو بازار' لاہور

کوالٹی ڈیپارٹمنٹل سٹور' کالج روڈ' بورے والا

کشمیر بک ڈپو' تلہ گنگ روڈ' چکوال

بنگش بک ڈپو اردو بازار' سیالکوٹ

مسلم بک لینڈ' بینک روڈ' مظفر آباد

مکتبہ رشیدیہ' نیو جنرل' چکوال

ضیاء القرآن پبلشرز' اردو بازار' کراچی

ویلکم بک پورٹ' اردو بازار' کراچی

وہاڑی کتاب گھر۔ مین بازار' وہاڑی

یونیورسٹی بک ایجنسی' خیبر بازار' پشاور

رحمان بک ہاؤس' اردو بازار' کراچی

اسلامی کتب خانہ' فضل الٰہی مارکیٹ' اردو بازار' لاہور

مکتبۃ العلم' ۱۷- اردو بازار لاہور

چوہدری بک ڈپو' مین بازار' ویہ

میاں ندیم' مین بازار' جہلم

اسلامک بک سنٹر' اردو بازار' کراچی

دارالادب' مکتبہ روڈ' میاں چنوں

ضیاء القرآن پبلشرز' گنج بخش روڈ' لاہور

اشرف بک ایجنسی' کمیٹی چوک' راولپنڈی

فرید پبلشرز' نزد مقدس مسجد' اردو بازار' کراچی

شمع بک ایجنسی' فیصل آباد

کتاب گھر' علامہ اقبال روڈ' راولپنڈی

ہاشمی برادرز' مشن چوک' کوئٹہ

محمد علی ظہوری

ترتیب کتب:

۱۔ نوائے ظہوری
۲۔ توصیف
۳۔ کتھے تیری ثنا
۴۔ صفتاں سوہنے رسولؐ دیاں

ضابطہ

سرورق: عبیداللہ
اہتمام: محمد نذیر، طاہر نذیر
کمپوزنگ: الاشراق کمپوزنگ سنٹر، لاہور۔
مطبع: اے این اے پرنٹرز
قیمت: 225

نوائے ظہوری

مَیں تہی دامن ظہوریؔ پیش کیا تحفہ کروں
نذرِ اوصافِ نبیؐ ہیں چند یہ شعروں کے پھول

محمد علی ظہوری

فلک کے نظارو زمیں کی بہارو خوشی سب مناؤ حضور آگئے ہیں
اُٹھو غم کے مارو۔ چلو بے سہارو۔ خبر یہ سناؤ حضور آگئے ہیں

انوکھا نرالا وہ ذیشان آیا۔ وہ سارے رسولوں کا سلطان آیا
ارے کج کلا ہو۔ ارے بادشا ہو۔ نگاہیں جھکاؤ حضور آگئے ہیں

ہوا چار سُو رحمتوں کا بسیرا۔ اُجالا اُجالا سویرا سویرا
حلیمہ رض کو پہنچی خبر آمنہ رض کی۔ مرے گھر میں آؤ حضور آگئے ہیں

ہواؤں میں جذبات ہیں مرحبا کے فضاؤں میں نعت صلّی علیٰ کے
درودوں کے گجرے سلاموں کے تحفے۔ غلامو سجاؤ حضور آگئے ہیں

سماں ہے ثنائے حبیب خدا کا۔ یہ میلاد ہے سرورِ انبیاء کا
نبی کے گداؤ سب اِک دوسرے کو۔ گلے سے لگاؤ حضور آگئے ہیں

کہاں میں ظہوری کہاں اُنکی باتیں۔ کرم ہی کرم ہے یہ دن اور راتیں
جہاں پہ بھی جاؤ دِلوں کو جگاؤ۔ یہی کہتے جاؤ حضور آگئے ہیں

اُس لمحۂ عظیم کی نذر

"جب مسجدِ نبویؐ کے مینار نظر آئے"

خوش گوئی اور خوش نوائی کی یک جائی فیضانِ خداوندی ہے۔ دیکھنے کی
بات یہ ہے کہ جس شخصیت میں یہ صفات جمع ہو گئیں اس نے ان صفات کے ساتھ کیا برتاؤ
کیا، اور میری طرح ہزاروں انسان اس حقیقت کے شاہد ہیں کہ **محمد علی** ظہوری
قصوری نے اِن صفات سے مثبت کام لیا۔ حضور سرورِ کائنات (صلی اللہ علیہ وسلم)
کی ذاتِ گرامی کی ثناخوانی سے بڑا اثبات اَور کیا ہوگا۔

ویسے تو ہم سب مسلمان اس ذاتِ گرامی کے ثناخواں ہیں مگر ظہوری صاحب
کو ہم پر یہ فوقیت حاصل ہے کہ انہوں نے اپنے عقیدے کو عشق میں بدل لیا ہے انہیں
نعت کہنے اور نعت پڑھنے کا جو کمال حاصل ہے وہ اسی عشق کی بدولت ہے کہ
اس طرح دل و دماغ میں ذوق و شوق کی جگمگاتی ہوئی شمعیں لفظ لفظ پر عکس ریز ہوتی
ہیں اور حرف حرف کو جگمگا دیتی ہیں۔ ظہوری صاحب کو میں نے جب بھی نعت پڑھتے

سنا ہے یوں محسوس کیا ہے جیسے ان کا سارا وجود صوت و صدا میں بدل گیا اور وہ مجسم غنا بن کر رہ گئے ہیں یہ کیفیت مجھے بہت کم نعت گوؤں اور نعت خوانوں کے ہاں محسوس ہوئی ہے، فرق وہی سیدھے سادے عقیدے اور بھرپور عشق کا ہے۔

احمد ندیم قاسمی

حمد

الٰہی حمد سے عاجز ہے یہ سارا جہاں تیرا
جہاں والوں سے کیونکر ہو سکے ذکرِ و بیاں تیرا

زمین و آسماں کے ذرے ذرے میں ہیں تیرے جلوے
نگاہوں نے جدھر دیکھا نظر آیا نشاں تیرا

ٹھکانہ ہر جگہ تیرا سمجھتے ہیں جہاں والے
سمجھ میں آ نہیں سکتا ٹھکانا ہے کہاں تیرا

ترا محبوب پیغمبر تری عظمت سے واقف ہے
کہ سب نبیوں میں تنہا ہے وہی اِک رازداں تیرا

جہانِ رنگ و بُو کی وسعتوں کا رازداں تُو ہے
نہ کوئی ہمسفر تیرا نہ کوئی کارداں تیرا

تری ذاتِ مُعلّٰی آخری تعریف کے لائق
چمن کا پتہ پتہ روز و شب ہے نغمہ خواں تیرا

○

مُقدّر کو مرے بخشی گئی رحمت کی تابانی
مرے حصّے میں آئی ہے محمدؐ کی ثناخوانی

محبّت سرورِ کونینؐ کی جس دل کو حاصل ہو
اُسے ہوگی نہ روزِ حشر کوئی بھی پریشانی

زمانہ تا اَبد جُھکتا رہے گا اُنکے قدموں میں
جنہیں حاصل ہوئی ہے والیِ بطحا کی دربانی

عرب کی عظمتیں اللہ اکبر آپؐ کے دم سے
ہوئی صحرا نشینوں کے مقدر میں جہانبانی

نبیؐ کو نور کہنا تو اِک ادنیٰ سی عقیدت ہے
جہاں ذِکرِ محمّدؐ ہو وہ ساری بزم نُورانی

کبھی تو کہہ کے مستانہ ظہوری کو بلائینگے
کبھی تو کام آجائے گی میری چاک دامانی

ہیں مہر و ماہتاب کی ہر سُو تجلّیات
عکسِ رُخِ حضُورؐ سے روشن ہے کائنات

یہ انتہائے لُطف کہ وُہ اور میرے عمل
اِس پہ یہ مستزاد کہ ہیں اور انکی بات

محروم سوزِ عشق عبادت کے لاکھ دِن
دیدِ جمالِ یار میں سجدے کی ایک رات

خیرالوریٰ کا دَر ہے نگاہوں کے رُو برُو
بھُولے ہُوئے ہیں مجُھ کو زمانے کے حادثات

وصفِ نبی قلم سے رقم کیسے ہو سکے
میرے تخیّلات سے اونچی ہے انکی ذات

کہہ دوں گا مَیں ظہُوریؔ فرشتوں سے قبر میں
ذکرِ حضُورؐ ہے مرا سرمایۂ حیات

محمدؐ کا حُسن و جمال اللہ اللہ
وُہ اِک پیکرِ بے مثال اللہ اللہ
نہ اُن سا کوئی خوبرُو دو جہاں میں
نہ اُن سا کوئی خوش خصال اللہ اللہ
خدا کا ہُوا اور مہماں نہ کوئی
یہ عظمت یہ رُتبہ کمال اللہ اللہ
ہے زیرِ نگیں سطوتِ ہر دو عالم
محمدؐ کا رُعب و جلال اللہ اللہ
بُتانِ عرب پہ ہُوا طاری لرزہ
اذاں دے رہے ہیں بلالؓ اللہ اللہ
ثنا خوانیٔ مصطفےٰؐ کی بدولت
ظہوری ہے شیریں مقال اللہ اللہ

○

ہے دو جہاں میں محمدؐ کے نور کی رونق
زمین و عرشِ بریں پہ حضورؐ کی رونق

شفق کا رنگ، ستاروں کی ضو، قمر کی ضیا
حبیبِ پاکؐ کے نور و ظہور کی رونق

نگاہِ ساقیٔ کوثر کے فیض کا صدقہ
سمٹ گئی مرے ساغر میں طور کی رونق

قدم قدم پہ ہے مستی حسیں خیالوں کی
نظر نظر میں ہے جامِ طہور کی رونق

کوئی مسافرِ طیبہ کی آنکھ سے دیکھے
غبارِ راہ کے کیف و سرور کی رونق

ظہوری مدحتِ محبوبؐ کی نوازش ہے
مرے سخن میں ہے فکر و شعور کی رونق

○

تخلیق کا عنوان ہیں سرکارِ دوعالمؐ
توحید کا ایمان ہیں سرکارِ دوعالمؐ

ذات اُنکی سراپائے کرم آیۂ رحمت
سرمایۂ ایمان ہیں سرکارِ دوعالمؐ

خاموشی میں اسرارِ رسالت کے نگہباں
گفتار میں قرآن ہیں سرکارِ دوعالمؐ

محشر میں ہر اک سمت سے مایوس دلوں کی
تسکین کا سامان ہیں سرکارِ دوعالمؐ

دیکھے تو کوئی عظمت و توقیرِ بشر کی
اللہ کے مہمان ہیں سرکارِ دوعالمؐ

جو اور کسی کو بھی ظہوری نہ ملے گا
وہ رتبۂ ذیشان ہیں سرکارِ دوعالمؐ

○

زمین و آسماں جھومے عقیدت کا سلام آیا

زباں پہ میری جب بھی احمدِ مرسل کا نام آیا

نبی بن کر امام آئے تھے اپنی اپنی اُمت کے

مگر میرا نبی بن کر رسولوں کا امام آیا

فقط اِسلام دُنیا میں یہ منظر پیش کرتا ہے

کہ آقا چل دیئے پیدل سواری پہ غلام آیا

مری قسمت میں لکھی تھی محمد کی ثنا خوانی

مرے حصہ میں بھی یوں ساقیِ کوثر کا جام آیا

سنبھل اے جذبۂ دیدار یہ ارضِ مدینہ ہے

نگاہِ شوق اَب سَر کو جھکانے کا مقام آیا

ظہوری زندگی میں جب کبھی مشکل پڑی مجھ کو

بجز حُبِ نبی کوئی نہ جذبہ اور کام آیا

آمدِ مصطفیٰ

نگاہیں رہ میں بچھا دو کہ آپؐ آئے ہیں
دِلوں کو فرش بنا دو کہ آپؐ آئے ہیں

ضمیرِ ارضِ مقدس سے آ رہی تھی صدا
صنم کدوں کو گِرا دو کہ آپؐ آئے ہیں

طلوعِ مہرِ رسالت ہے، آج باطل کے
سبھی چراغ بجھا دو کہ آپؐ آئے ہیں

بُتانِ کعبہ ولادت کا سُن کے بول اُٹھے
سرِ نیاز جھکا دو کہ آپؐ آئے ہیں

خدا نے آمدِ محبوبؐ کی خوشی میں کہا
فرشتو عرش سجا دو کہ آپؐ آئے ہیں

ظہوریؔ قبر میں منکر نکیر یوں بولے
نبیؐ کی نعت سنا دو کہ آپؐ آئے ہیں

○

فلک کے نظارو زمیں کی بہارو خوشی سب مناؤ حضور آگئے ہیں
اُٹھو غم کے مارو۔ چلو بے سہارو۔ خبر یہ سناؤ حضور آگئے ہیں
انوکھا نرالا وہ ذیشان آیا۔ وہ سارے رسولوں کا سلطان آیا
ارے کج کلاہو۔ ارے بادشاہو۔ نگاہیں جھکاؤ حضور آگئے ہیں
ہوا چار سو رحمتوں کا بسیرا۔ اُجالا اُجالا سویرا سویرا
حلیمہؓ کو پہنچی خبر آمنہؓ کی۔ مرے گھر میں آؤ حضور آگئے ہیں
ہواؤں میں جذبات ہیں مرحبا کے۔ فضاؤں میں نغمات صلِّ علیٰ کے
درودوں کے گجرے سلاموں کے تحفے۔ غلامو سجاؤ حضور آگئے ہیں
سماں ہے ثنائے حبیبِ خدا کا۔ یہ میلاد ہے سرورِ انبیاء کا
نبی کے گداؤ سب اِک دوسرے کو۔ گلے سے لگاؤ حضور آگئے ہیں
کہاں میں ظہوری کہاں انکی باتیں۔ کرم ہی کرم ہے یہ دن اور راتیں
جہاں تم بھی جاؤ دلوں کو جگاؤ۔ یہی کہتے جاؤ حضور آگئے ہیں

چار سُو رحمتوں کے اُجالے ہُوئے بزمِ کونین کے پیشوا آگئے
ذرّے افلاک سے باتیں کرنے لگے مصطفےٰ آگئے مصطفےٰ آگئے

غم کے مارے ہُوئے مسکرانے لگے۔ ظلمتوں کے مکیں جگمگانے لگے
بے کسوں کے مقدر ٹھکانے لگے سب کے محسن حبیبِ خدا آگئے

حضرتِ مُوسےٰ جن کو ترستے رہے ابنِ مریم بھی جن کی خبر دے گئے
پہلے آئے ہُوئے جن کے پیچھے کھڑے آج وُہ خاتم الانبیا آگئے

بے زبانوں کو طرزِ صدا بخش دی فانی انسانیت کو بقا بخش دی
دشمنِ جاں کی ہر اک خطا بخش دی بن کے رحمت شفیعِ الوریٰ آگئے

شب گزیدہ کو نورِ سحر دے دیا کور دیدہ کو ذوقِ نظر دے دیا
بے نوا کی دُعا کو اثر دے دیا۔ ساری مخلوق کا آسرا آگئے

ذکر کیسے کروں وصفِ سرکار کا۔ کیا بیاں ہو سماں اُنکے دربار کا
وا ظہوری بنا مطلعِ انوار کا۔ جب تصوّر میں وُہ دلرُبا آگئے

○

لَب پہ صلِ علیٰ کے ترانے اشک آنکھوں میں آئے ہوئے ہیں
یہ ہَوا یہ فضا کہہ رہی ہے آقا تشریف لائے ہوئے ہیں

ہر سُو چرچا ہے خیرالوریٰ کا۔ جشنِ میلاد ہے مُصطفٰےؐ کا
نُور ہے یہ حبیبِ خُدا کا راستے جگمگائے ہُوئے ہیں

عظمتوں کے نگینے جڑے ہیں۔ نام نبیوں کے بیشک بڑے ہیں
مقتدی بن کے پیچھے کھڑے ہیں وہ جو پہلے سے آئے ہُوئے ہیں

جُھک رہا ہے فلک بھی زمیں بھی۔ ایسی چوکھٹ نہ دیکھی کہیں بھی
جس جگہ جبرائیل امیں بھی۔ اپنی گردن جُھکائے ہُوئے ہیں

دَر کُھلے اُن کی جود و سخا کے فیض جاری ہیں لُطف و عطا کے
آئیں دربار میں مُصطفٰےؐ کے جو بھی غم کے ستائے ہُوئے ہیں

زندگی دُور رہ کے اُدھوری۔ حسرتِ دید کب ہوگی پُوری۔
اپنی پلکوں پہ ہم بھی ظہوری۔ چند آنسو سجائے ہوئے ہیں

○

یوں تو سارے نبی محترم ہیں مگر سرورِ انبیا تیری کیا بات ہے
رحمتِ دو جہاں اک تری ذات ہے اے حبیبِ خدا تیری کیا بات ہے

رونقِ کون و مکاں پہ نکھار آگیا روحِ انسانیت کو قرار آگیا
مرحبا مرحبا ہر کسی نے کہا۔ آمدِ مصطفےٰ تیری کیا بات ہے

حضرتِ آمنہ کے دُلارے نبی۔ غمزدہ اُمّتوں کے سہارے نبی
روزِ محشر کہے گی یہ خلقِ خدا۔ سب کے مشکل کشا تیری کیا بات ہے

چار سُو رحمتوں کی گھٹا چھا گئی۔ باغِ عالم میں فصلِ بہار آگئی
دِل کا غنچہ کھلا اسمِ اعظم ملا۔ ذکرِ صلِّ علیٰ تیری کیا بات ہے

رحمتِ دو جہاں کا خزینہ ملے۔ جب گلے سے ہوائے مدینہ ملے
عرشیوں کی ندا فرشیوں کی صدا۔ اے دُرِ مصطفےٰ تیری کیا بات ہے

آرزو تھی جو دِل کی وہ پوری ہوئی۔ روضۂ مصطفےٰ کی حضوری ہوئی
ہر طلب پہ ظہوری ظہوری ہوئی۔ اے نبیؐ کے گدا تیری کیا بات ہے

ہر سمت برستی ہوئی رحمت کی جھڑی ہے
یہ سرورِ کونین کے آنے کی گھڑی ہے

وہ ابرِ کرم دشت کو گلزار بنائے
وہ سایۂ رحمت ہے اگر دھوپ کڑی ہے

محبوب کے دربار سے جو مانگو ملے گا
اللہ کی رضا آپکی چوکھٹ پہ کھڑی ہے

سرکار نے حسانؓ کو منبر پہ بٹھایا
آقا کے ثنا خوان کی توقیر بڑی ہے

جب چاہوں ظہوریؔ کروں روضے کا نظارا
تصویر مدینے کی مرے دل میں جڑی ہے

اُن کے آنے کی خوشیاں مناتے چلو۔ کملی والے کی نعتیں سناتے چلو

لَب پہ صَلِّ علیٰ کا ترانہ رہے۔

جھومتا سُن کے سارا زمانہ رہے دل جو سوئے ہوئے ہیں جگاتے چلو

ہر جگہ پہ اُجالوں کا ساماں کرو۔

آپ آئے ہیں گھر گھر چراغاں کرو۔ سارے بازار گلیاں سجاتے چلو

اپنے بگڑے مقدّر بناتے ہُوئے۔

عاشقو تم مدینے کو جاتے ہُوئے۔ اُنکی راہوں میں آنکھیں بچھاتے چلو

ہو تصوّر میں ہر دَم خیالِ نبی۔

دِل میں ہو آرزوئے جمالِ نبی۔ یاد میں اُنکی آنسو بہاتے چلو

چرچا سَرکار کا یُونہی پیہم رہے۔

دم میں جبتک ظہوؔری ترے دم رہے۔ گیت اُنکی محبّت کے گاتے چلو

رحمتِ دو جہاں۔ حامئ بیکساں۔ شاہِ کون و مکاں وہ کہاں میں کہاں

سَرورِ سَروراں۔ رہبرِ رہبراں۔ تاجدارِ شہاں وہ کہاں میں کہاں

اُن کی خوشبو سے مہکے چمن در چمن۔ تذکرے آپ کے انجمن انجمن

چاند کی چاندنی، تاروں کی روشنی۔ اُن کے رُخ سے عیاں وہ کہاں میں کہاں

کس طرح سے کہاں سے کروں ابتدا۔ اُن کے اَوصاف کی ہے کہاں انتہا

اُن کا رتبہ ہے کیا خود ہی جانے خدا۔ کیا کروں میں بیاں وہ کہاں میں کہاں

وہ نہ ہوتے تو کچھ بھی نہ ہوتا یہاں۔ اُن کے ہونے کی ہے سب کائنات و فرش ل

یہ زمیں آسماں یہ مکاں لا مکاں۔ سارے اُن کے مکاں وہ کہاں میں کہاں

مہ لقا دلکشا خوش نوا خوش ادا۔ رہنما پیشوا مجتبٰے مصطفٰے

حمد محبوبیاں اَن گنت خوبیاں۔ میری قاصر زباں وہ کہاں میں کہاں

عمر گذرے مری ذکرِ سرکار میں۔ جاؤں اُن کے حضوری کے دربار میں

آخری سانس تک نعت پڑھتا رہوں ختم ہو جائے یہاں وہ کہاں میں کہاں

○

دو جہاں میں حکومت ہے انکی جو بھی ہے وہ حبیب خدا کا
چاہتے ہو رضا گر خدا کی ذکر کرتے رہو مصطفےٰ کا
فرش پہ دُھوم صلّ علیٰ کی۔ عرش پہ ہے صدا مرحبا کی
چار سُو روشنی مصطفےٰ کی۔ نُور ہے سرورِ انبیا کا
وہ بُلائیں شجر چل کے آئے۔ چاند سُورج بھی سر نہ اٹھائے
بادشاہ کو نہ خاطر میں لائے۔ ہے یہ رتبہ نبی کے گدا کا
غمزدو! بیکسو! بے نواؤ۔ آؤ سرکار کے در پہ آؤ
لو شفاعت کی خیرات پاؤ۔ بابِ رحمت کھُلا ہے دُعا کا
لِکھا جس نے قصیدہ بُردہ۔ شرف بوصیریؒ کو ہے مِلا کیا
دید آقا کی چادر کا تحفہ۔ یہ صِلہ ہے نبی کی ثنا کا
ابرِ رحمت برسنے لگا ہے۔ دِل عجب کیف میں مُبتلا ہے
جب ظہوری خیال آگیا ہے۔ سبز گُنبد کی نُوری فضا کا

یوں تو لاکھوں مہ جبیں ہیں آپ سا کوئی نہیں
ایک محبوبِ خدا ہے دوسرا کوئی نہیں

ہیں شبِ اسرے کی ساری رفعتیں ان پر نثار
ایسی خلوت میں گیا اُن کے سوا کوئی نہیں

جُرم کتنا ہی نہ کیوں ہو بخش دیتا ہے خُدا
وُہ جسے کہہ دیں کہ جا تیری خطا کوئی نہیں

وُہ عبادت جس میں حُبِ مصطفےٰ شامل نہیں
یہ وُہ کشتی ہے کہ جس کا ناخدا کوئی نہیں

مسکنِ نبوی مدینہ پاسدارِ بیکساں
اور دُنیا میں کہیں ایسی فضا کوئی نہیں

دیکھ کر مجھ کو ظہوری اتنا کہتے ہیں طبیب
یہ مریضِ عشق ہے اس کی دَوا کوئی نہیں

درد کا درماں قرارِ جاں ہے نامِ مصطفیٰ
زندہ ہیں اُس کے سہارے سب غلامِ مصطفیٰ

ایک ہی صف میں کھڑے ہوتے تھے نادار و امیر
اللہ اللہ شوکتِ دربارِ عامِ مصطفیٰ

گونج اُٹھے دشت و جبل اللہ کی توحید سے
چار سُو پھیلا دیا حق نے پیامِ مصطفیٰ

اُن کے مُنہ سے جو بھی نِکلا وُہ ہے فرمانِ خُدا
مَیں اُسے قرآں سمجھوں یا کلامِ مصطفیٰ

عرش پر وُہ تھے خُدا تھا دُوسرا کوئی نہ تھا
بالاتر ہے فہمِ انساں سے مقامِ مصطفیٰ

کاش دیکھیں ہم ظہُوری وُہ سہانی صُبحِ نُور
روشنی پھیلائے جب ہر سُو نظامِ مصطفیٰ

○

بگڑی ہوئی اُمّت کی تقدیر بناتے ہیں
سرکار کی محفل میں سرکار بھی آتے ہیں

انوار برستے ہیں رحمت کے سرِ محفل
جب شاہِ مدینہ کی ہم نعت سناتے ہیں

دامانِ رسالت میں ملتی ہے پناہ ان کو
جو سرورِ عالم کے دربار میں جاتے ہیں

اس نامِ محمد سے ہر سمت اجالا ہے
سب اہلِ نظر اس کو آنکھوں سے لگاتے ہیں

کچھ اشکِ عقیدت کے سرمایہ ہے آنکھوں کا
ہر روز یہی موتی پلکوں پہ سجاتے ہیں

انس حشر کے کیا کہنے جب روزِ ظہوری کو
پیغام یہ آئیگا سرکار بلاتے ہیں

○

عیاں ہے فیضِ کرم کا ظہور آنکھوں سے
لگایا میں نے جو نامِ حضورؐ آنکھوں سے

مچل رہی ہے تمنّائے دید سینے میں
اُبل رہا ہے محبّت کا نور آنکھوں سے

ملے گا عشق کی سرمستیوں کا سرچشمہ
حبیبِ پاکؐ کی اُلفت میں چُور آنکھوں سے

نگاہِ یار مری ہر گھڑی محافظ ہے
خُدا کرے نہ کبھی اُنکی دُور آنکھوں سے

مئے طہور کسی جام کی نہیں محتاج
لُٹا رہے ہیں وہ کیف و سرور آنکھوں سے

ظہوری درد سے نا آشنا ہی دِل رہتا
اگر نہ دید کا مِلتا سرور آنکھوں سے

○

وُہ دِل سکُون کی دَولت سے شاد کام ہوا
جو دو جہان کے سردار کا غُلام ہُوا

دُرُود جس نے پڑھا ہے وفُورِ اُلفت میں
وُہ جیسے سَرورِ عالم سے ہمکلام ہُوا

رُکی ہے وقت کی رفتار بھی شبِ معراج
نبیؐ کی دید کی خاطر یہ اہتمام ہُوا

اُسی کا ہوتا ہے آغاز دِید کے قابل
وُہ جس سفر کا مدینے میں اِختتام ہُوا

اَب اور کِس کی تمنّا کرے دِلِ عاشق
مدینے جا کے دمِ جُستجُو تمام ہُوا

ظہُوریؔ دستِ طلب کِس لیے دراز کرے
مِری زباں کا وظیفہ نبیؐ کا نام ہُوا

بیمارِ محبت کے ہر درد کا چارا ہے
سامان شفاعت کا روضے کا نظارا ہے

محبوبِ دو عالم کی رحمت ہی زمانے میں
ہر دُکھ کا مداوا ہے ہر غم میں سہارا ہے

اُس ہادیٔ برحق کی تعلیم کے کیا کہنے
جس ذات پہ اللہ نے قرآن اُتارا ہے

اللہ نے سُن لی ہے فریاد سوالی کی
سرکارِ مدینہ کو جس نے بھی پکارا ہے

مرکز ہے نگاہوں کا روضہ ہی مدینے میں
گنبد کا نظارا ہی ہر آنکھ کا تارا ہے

اپنا تو وظیفہ ہے توصیف محمدؐ کی
ہر گام ظہوری یہ معمول ہمارا ہے

بیٹھتے اُٹھتے نبیؐ کی گفتگو کرتے رہے
عشق والے ہیں جو ان کی آرزو کرتے رہے

عاشقانِ مصطفےٰ ہر دَور میں ہر موڑ پر
آپ کے نقشِ قدم کی جستجو کرتے رہے

قابلِ صد رشک ہے اُن کا طریقِ بندگی
جو نمازی اپنے اشکوں سے وضو کرتے رہے

اہلِ ایماں نے کیے سجدے عجب انداز سے
سر کٹا کے اپنے سر کو سرخرو کرتے رہے

ہو گئے گوشہ نشیں سارے وظیفے چھوڑ کر
ہم تصوّر میں اُنھی کو رُو برُو کرتے رہے

دو جہاں میں وہ ظہوریؔ پا گئے ہیں آبرو
جو بھی نامِ مصطفےٰ کی آبرو کرتے رہے

○

دردو آلام کا جس وقت اندھیرا ہوگا
ذکرِ محبوبِ خدا سے ہی سویرا ہوگا
اشک آنکھوں سے بہا رُوح کو تسکین ملے
ان کا ہو ان کے سوا کوئی نہ تیرا ہوگا
اے چراغوں سے درو بام سجانے والے
دِل کے آنگن کو سجا اُن کا بھی پھیرا ہوگا
فکرِ عقبےٰ سے نہ ہوگا وہ پریشان کبھی
یادِ سرکارؐ کا جس دِل میں بسیرا ہوگا
ہے گنہگار ظہوریؔ بھی ثنا خوانِ رسولؐ
حشر میں نامۂ اعمال یہ میرا ہوگا

○

آپ کا جو غلام ہوتا ہے
لائقِ احترام ہوتا ہے

جھومتی ہے فضائے ارض و سما
ذکرِ خیر الانام ہوتا ہے

سرورِ انبیاء کی یاد آئی
لب پہ جاری سلام ہوتا ہے

میکش مصطفےٰ کے ہاتھوں میں
حوض کوثر کا جام ہوتا ہے

درحقیقت نماز ہے اُن کی
عشق جن کا امام ہوتا ہے

وہ ظہوری جسے قبول کریں
وہ ہی مقبول عام ہوتا ہے

○

کیا لطف ہے سخن کا اگر چشم تر نہ ہو
ملتا نہیں ہے دردِ جواں کی نظر نہ ہو

ہو اس طرح سے اپنی مدینے میں حاضری
آئے درِ حبیب تو اپنی خبر نہ ہو

جھکتا ہے میرا دل بھی مرے سر کے ساتھ ساتھ
ممکن نہیں کہ آپ کی یہ رہگذر نہ ہو

جس شب رُخِ حبیبؐ کا جلوہ نصیب ہو
پھر اُس کی حشر تک بھی الٰہی سحر نہ ہو

زخمِ خیالِ یار ہی دل کا علاج ہے
مانگو یہی دعا کہ دعا میں اثر نہ ہو

بے کیف زندگی ہے ظہوری تمام اگر
مجھ کو نصیب آپؐ کے در کا سفر نہ ہو

○

جرمِ عصیاں سے رہا ہونے کا چارا مانگو
مانگنے والو محمدؐ کا سہارا مانگو

ہاتھ پھیلا کے زر و سیم طلب کرتے ہو
ان کے فیضان کی دولت بھی خدارا مانگو

بحرِ ظلمات میں کام آئیگا دامانِ کرم
ناخدا ان کو سمجھ لو تو کنارا مانگو

روزِ محشر سے نہ گھبراؤ تڑپنے والو!
میری سرکار کی رحمت کا اشارا مانگو

ساقئ کعبہ کا ہر جام صدا دیتا ہے
پینا چاہو تو مدینے کا نظارا مانگو

اور مانگو نہ ظہوری کوئی بس اس کے سوا
اپنے اللہ سے اللہ کا پیارا مانگو

○

بجز رحمت نہیں کوئی سہارا یا رسُول اللہؐ
کرم کی بھیک پہ میرا گزارا یا رسُول اللہؐ

عجب تاثیر نامِ پاک میں رکھی ہے قدرت نے
زمانہ جھوم اُٹھا جب بھی پکارا یا رسُول اللہؐ

اُسے باغِ اِرم کی آرزو باقی نہیں رہتی
جو کرلے تیرے روضے کا نظارا یا رسُول اللہؐ

اِدھر ہو پیکرِ عصیاں اُدھر ہو رحمتِ عالم
بھلا پھر ضبط کا کیسے ہو یارا یا رسُول اللہؐ

مجھے معلُوم ہے اپنے عمل کی تنگ دامانی
فقط اِک نام ہے لب پہ تمہارا یا رسُول اللہؐ

ظہوری کو بھی تیرے نام لیواؤں سے نسبت ہے
رہے نہ منتظر قسمت کا مارا یا رسُول اللہؐ

○

اُن کی آنکھوں پہ فِدا چاند ستارے ہونگے
جن کی قسمت میں مدینے کے نظارے ہونگے

نُور ہی نُور اُجالا ہی اُجالا ہوگا
جس طرف چشمِ محمدؐ کے اشارے ہونگے

حشر میں اُن کے سوا کون سہارا دے گا
نام کِس کِس کے وہاں سب نے پکارے ہونگے

رہ کے سدرہ پہ محمدؐ کی رفاقت کے بغیر
کیسے جبریلؑ نے لمحات گذارے ہونگے

خاکِ طیبہ پہ جنہیں چین کی نیند آئی ہے
وُہ مسافر ہمیں جی جان سے پیارے ہونگے

رُو برُو بیٹھنے والوں نے تھوڑی اُن کے
کِس طرح جلوے نگاہوں میں اُتارے ہونگے

○

اے حبیبِ خدا میرے پیارے نبی بیکسوں کا سہارا ترا نام ہے
کیوں نہ دُنیا ترے نام پر ہو فِدا جب خدا کو بھی پیارا ترا نام ہے

یہ زمیں آسماں یہ مکاں لامکاں تیرے دَم سے ہے روشن یہ سارا جہاں
عرش کی رونقیں فرش کی محفلیں دو جہاں کا نظارا ترا نام ہے

منتہائے کرم رحمتِ دو جہاں۔ شافعِ عاصیاں مونسِ بیکساں
اُس کی قسمت بھلی اس کی مشکل ٹلی۔ جِس کسی نے پکارا ترا نام ہے

روزِ محشر نہ کوئی بھی حامی بنا۔ اِک سہارا ترا نامِ نامی بنا
اس گھڑی جو مصیبت میں کام آئیگا۔ رحمتوں کا اشارا ترا نام ہے

آبرُو دے جسے آبرُو دے مرے۔ فکرِ عقبےٰ ظہُوری بھلا کیوں کرے
کوئی غم کیسے نزدیک آ جائے بھلا۔ جب وظیفہ ہمارا ترا نام ہے

○

مدحتِ محبوب میں آیاتِ قرآں کا نزول
اس سے بڑھ کر اور کیا ہو عظمتِ نعتِ رسولؐ

حُسنِ مصطفوی سے تابندہ ہے بزمِ کائنات
غازۂ روئے چمن ہے آپ کے قدموں کی دُھول

حضرتِ حسّان بن ثابت رضؓ ہمارے رہنما
شاعری میں جن کی پنہاں نعت گوئی کے اصُول

چاہتا ہے تو اگر دونوں جہاں میں نام ہو
آبروئے ماز نامِ مصطفےٰؐ ہرگز نہ بھول

میں تہی دامن ظہوریؔ پیش کیا تحفہ کروں
نذرِ اوصافِ نبیؐ ہیں چند یہ شعروں کے پھول

○

جامِ وحدت ساقیٔ کوثر کے پیمانے کا نام
حشر تک روشن رہے گا اُنکے میخانے کا نام

ہے طریقت در حقیقت جستجو سرکار کی
اور شریعت ان کے نقشِ پا پہ مٹ جانے کا نام

صورتِ شمع حقیقت میں ہے تصویرِ وفا
عشق کی تفسیر ہے دراصل پروانے کا نام

جائے سدرہ نور کی مخلوق کا ہے منتہیٰ
عظمتِ خیر البشر ہے آگے بڑھ جانے کا نام

عاشقوں کے دین میں ہے زندگی قربِ حبیب
موت ہے محبوب کی محفل سے اُٹھ جانے کا نام

بیخبر کب تک رہے گا راہ و رسمِ عشق سے
ہے ظہوری بھی تو آخر ان کے دیوانے کا نام

○

مجھ پہ بھی کرم ہو کبھی سرکارِ مدینہ
دِل میرا بھی ہے طالبِ دیدارِ مدینہ

مجرم کو جہاں بھیک ملے لطف و عطا کی
بے مثل ہے کونین میں دربارِ مدینہ

بکتے ہیں کروڑوں دلِ عشاق یہاں پر
اللہ رے یہ رونقِ بازارِ مدینہ

جو کچھ بھی کوئی آکے یہاں مانگے، ملے گا
ہر چیز کے مختار ہیں سرکارِ مدینہ

دیکھو نہ حقارت سے مجھے دیکھنے والو
آنکھوں میں لیے پھرتا ہوں انوارِ مدینہ

قدسی بھی زیارت کو ہیں بیتاب ظہوری
ہیں رشکِ دو عالم در و دیوارِ مدینہ

○

ہم بھی انؐ کے دیار جائیں گے
جائیں گے بار بار جائیں گے

ان کے در پہ نثار کرنے کو
لے کے اشکوں کے ہار جائیں گے

خاکِ طیبہ کی خاک ہونے کو
ہم بھی مستانہ وار جائیں گے

جس پہ دورِ خزاں نہیں آتا
دیکھنے وہ بہار جائیں گے

آئے گا ایک دن کہ سُوئے حرم
ہو کے مثلِ غبار جائیں گے

وُہ ظہُوری عجب سماں ہو گا
جب سرِ کوئے یار جائیں گے

○

اے شبِ ہجر مجھ کو بتا دے ذرا یاد اُن کی ستائے تو میں کیا کروں
چین سے دیکھو سارا جہاں سو گیا نیند مجھ کو نہ آئے تو میں کیا کروں

میں نے مانگی شب و روز ہی یہ دُعا میرے مولا مدینہ مجھے بھی دکھا
مجھ سے جو ہو سکا وہ تو میں نے کیا میری باری نہ آئے تو میں کیا کروں

جا کے کہنا مدینے نسیمِ سحر کوئی بیٹھا ہُوا ہے سرِ رہگذر
عمر ساری گذر جائے آقا اگر یونہی بیٹھے بٹھائے تو میں کیا کروں

اِک زمانہ ہُوا رنج سہتے ہُوئے ہر گھڑی دردِ فرقت میں رہتے ہُوئے
آنسوؤں کے سمندر میں بہتے ہُوئے میرا دِل ڈوب جائے تو میں کیا کروں

میرا دِل میرے ہاتھوں سے جاتا رہا روٹھی تقدیر کو میں مناتا رہا
یہ زمانہ تو دامن چھپاتا رہا تو بھی دامن بچائے تو میں کیا کروں

عقل دیتی رہی مجھ کو دھوکا سدا عشق تھا جس نے منزل پہ پہنچا دیا
عقل سے دشمنی پہ خفا ہو رہی بھلا کوئی اُنگلی اٹھائے تو میں کیا کروں

○

رحمت نے بڑھ کے اُس کو گلے سے لگالیا
جس کو مرے حضورؐ نے در پہ بُلالیا

اُس آفتابِ نُور کے انوار دیکھیے
صحرا کو کائنات کا مرکز بنالیا

کیا پُوچھتے ہو وُسعتِ دامانِ مصطفیٰؐ
سائے نے جس کے حشر کا میداں چھپالیا

یہ انتہائے وصل نصیبِ بشر کہاں
خالق نے اپنے بندے سے پردہ اٹھالیا

مختارِ کائنات کا فیضان کیا کہوں
وہ جس نے قدسیوں کو بھی در پہ جُھکالیا

وہ روزِ عید ہو گا ظہوری مرے لیے
جس روز ان کو جا کے غمِ دل سنالیا

حضوری

خزینے رحمتوں کے پا رہا ہوں
مدینے میں بُلایا جا رہا ہوں
مدینے جانے والے خوش نصیبو
ٹھہر جاؤ کہ مَیں بھی آ رہا ہوں
نظارے سینکڑوں جلوے ہزاروں
حضُوری کے لئے ٹھکرا رہا ہوں
کرم مجھ پہ اُنہی کا ہو رہا ہے
ترانے جن کے مَیں گا تا رہا ہوں
اُدھر آقا کھڑے خیرات دینے
یہاں جھولی دیکھ کر شرما رہا ہوں
ظہوری اُن کے در پہ جا رہا ہوں
ثنا خواں عمر بھر جن کا رہا ہوں

○

پھر مدینے کو چلا قافلہ دیوانوں کا
منتظر خود ہے خدا آپ کے مہمانوں کا

شمع ایوانِ رسالت پہ فدا ہونے کو
شوق بڑھتا ہی چلا جاتا ہے پروانوں کا

سینکڑوں جنتیں قربان ہوئی جاتی ہیں
مرتبہ دیکھو مدینے کے بیابانوں کا

درِ اقدس کی زیارت ہو قضا سے پہلے
حج اکبر ہے یہی سوختہ سامانوں کا

مرے اشعار ہیں کیا ان کی حقیقت کیا ہے
تذکرہ ہے دلِ بیتاب کے ارمانوں کا

والئ کون و مکاں ہیں جہاں راحت فرما
وہی عنواں ہے ظہوری مرے افسانوں کا

○

ہر لحظہ ہے رحمت کی برسات مدینے میں
فیضانِ محمد ہے دن رات مدینے میں

پلکوں پہ سجاؤں گا مَیں خاک مدینے کی
لے جائیں اگر مجھ کو حالات مدینے میں

کچھ بار دُرودوں کے ہے زادِ سفر میرا
لے جاؤں گا اشکوں کی سوغات مدینے میں

عرشی بھی سوالی ہیں فرشی بھی سوالی ہیں
ملتی ہے شفاعت کی خیرات مدینے میں

دربار سے کوئی بھی ناکام نہیں پھرتا!
سنتے ہیں وہ سائل کی ہر بات مدینے میں

جس ذات کی برکت سے ہے نام ظہوری کا
ہے جلوہ نما ہر سو وہ ذات مدینے میں

○

جب مسجدِ نبویؐ کے مینار نظر آئے
اللہ کی رحمت کے آثار نظر آئے

منظر ہو بیاں کیسے الفاظ نہیں ملتے
جس وقت محمدؐ کا دربار نظر آئے

بس یاد رہا اتنا سینے سے لگی جالی
پھر یاد نہیں کیا کیا انوار نظر آئے

دکھ درد کے ماروں کو غم یاد نہیں رہتے
جب سامنے آنکھوں کے غمخوار نظر آئے

مکے کی فضاؤں میں طیبہ کی ہواؤں میں
ہم نے تو جدھر دیکھا سرکارؐ نظر آئے

چھوڑ آیا ظہوری میں دل و جان مدینے میں
اب جینا یہاں مجھ کو دشوار نظر آئے

ہواؤ! سرورِ عالم کے در کی بات کرو
گھٹاؤ! طیبہ کے شام و سحر کی بات کرو

سُناؤ مجھ کو نہ غیر جہاں کے افسانے
مدینے پاک کے پیارے سفر کی بات کرو

غمِ فراقِ نبیؐ میں جو با وضو ہی رہے
خوشا نصیب اِسی چشمِ تر کی بات کرو

جشاد و سرے مرے دوستو حبیبوں کی
مدینے والے مرے چارہ گر کی بات کرو

وہ جن کے دم سے بساطِ حیات قائم ہے
نبیؐ کے باغ کے برگ و ثمر کی بات کرو

ظہوری دیکھ کے آیا ہوں ذرے طیبہ کے
نہ میرے سامنے شمس و قمر کی بات کرو

○

جس کی دربارِ محمد ﷺ میں رسائی ہوگی
اُس کی قسمت پہ فدا ساری خدائی ہوگی

سانس لیتا ہوں تو آتی ہے مہک طیبہ کی
یہ ہوا کوچۂ سرکار سے آئی ہوگی

روزِ محشر نہ کوئی اور سہارا ہوگا
سب کے ہونٹوں پہ محمد ﷺ کی دُہائی ہوگی

چاند قدموں پہ گِرا اُن کا اِشارا جو ہُوا
وقت کیسا تھا وُہ جب اُنگلی اٹھائی ہوگی

دِل تڑپ جائے گا اے زائرِ بطحا تیرا
تیری جس وقت مدینے سے جُدائی ہوگی

تجھ سے پُوچھا نہ نکیروں نے ظہوری کچھ بھی
قبر میں نعتِ نبی تُو نے سُنائی ہوگی

○

بڑی شان والا مدینے کا والی
بڑے سے بڑا جن کے در کا سوالی

فرشتے بھی میری جبیں چومتے ہیں
میں جب چوم لوں اُنکے روضے کی جالی

جہاں میں انوکھا ہے اُن کا مدینہ
زمانے میں ہے اُن کی چوکھٹ نرالی

ملے اُن کی رحمت کی خیرات سب کو
گیا کوئی بھی اُن کے در سے نہ خالی

کہاں یہ حضوری کہاں میں ظہوری
میں ادنےٰ سے ادنیٰ وہ عالی سے عالی

دیارِ پاک میں گُذرا مہینہ یاد آئے گا
جگر سے ہُوک اُٹھے گی مدینہ یاد آئے گا

جہاں سے عاصیوں کو بھیک ملتی ہے شفاعت کی
میرے آقا کی رحمت کا خزینہ یاد آئے گا

ریاض الجنّہ جس کو سرورِ عالمؐ نے فرمایا
جُھکے گا سر تو وُہ جنّت کا زینہ یاد آئے گا

معطّر ہوگئیں جس سے فضائیں ہر دو عالم کی
بہاروں کو محمّدؐ کا پسینہ یاد آئے گا

نگاہیں گُنبدِ خضرا کے نظّاروں کو ترسیں گی
مدینہ یاد آئے گا مدینہ یاد آئے گا

مرے دِل میں تمنّاؤں کے پھر طوفان اُٹھیں گے
ظہُوری جب کبھی حج کا مہینہ یاد آئے گا

○

کہیں نہ دیکھا زمانے بھر میں جو کچھ مدینے میں آ کے دیکھا
تجلیوں کا لگا ہے میلہ جدھر نگاہیں اُٹھا کے دیکھا

وُہ دیکھو دیکھو سنہری جالی۔ اِدھر سوالی اُدھر سوالی
قریب سے جو بھی اُن کے گذرا حضُور نے مسکرا کے دیکھا

عجیب لذت ہے بیخودی کی عجب کشش ہے درِ نبیؐ کی
سُرور کیسا ہے کچھ نہ پُوچھو لپٹ کے سینے لگا کے دیکھا

طوافِ روضے کا کر رہی ہیں یہاں وہاں اشکبار آنکھیں
ہے گونج صلِ علیٰ کی ہر سُو جہاں جہاں بھی جا کے دیکھا

جہاں گئے اُن کا ذکر چھیڑا جہاں رہے اُن کی یاد آئی
نہ غم زمانے کے پاس آئے نبیؐ کی نعتیں سُنا کے دیکھا

ظہوریؔ جاگے نصیب تیرے بس اک نگاہِ کرم کے صدقے
کہ بار بار اپنے دَر پہ تجھ کو تیرے نبی نے بُلا کے دیکھا

○

یا رسُول اللہ ترے دَر کی فضاؤں کو سلام
گنبدِ خضرا کی ٹھنڈی ٹھنڈی چھاؤں کو سلام

والہانہ جو طوافِ روضۂ اقدس کریں
مست و بیخود وجد میں آتی ہواؤں کو سلام

شہرِ بطحا کے درو دیوار پہ لاکھوں دُرود
زیرِ سایہ رہنے والوں کی صداؤں کو سلام

جو مدینے کے گلی کوچوں میں دیتے ہیں صدا
تا قیامت اُن فقیروں اور گداؤں کو سلام

مانگتے ہیں جو وہاں شاہ و گدا بے امتیاز
دل کی ہر دھڑکن میں شامل ان دعاؤں کو سلام

اے ظہوری خوش نصیبی لے گئی جن کو حجاز
اُن کے اشکوں اور اُن کی التجاؤں کو سلام

در پہ رہنے والے خاصوں اَور عاموں کو سلام

یا نبیؐ تیرے غُلاموں کے غلاموں کو سلام

کعبۂ کعبہ کے خوش منظر نظاروں پہ درود

مسجدِ نبویؐ کی صُبحوں اور شاموں کو سلام

جو پڑھے جاتے ہیں روز و شب ترے دربار میں

پیش کرتا ہے ظہوریؔ اُن سلاموں کو سلام

دُکھیوں کا سہارا تیری گلی — بے یاروں کا یارا تیری گلی
بے چاروں کا چارا تیری گلی — سُکھ چین ہمارا تیری گلی
منگتوں کا گذارا تیری گلی — رحمت کا اشارا تیری گلی
ہر آنکھ کا تارا تیری گلی — مَولا کا نظارا تیری گلی

درد و آلام کے مارے ہوئے کیا دیتے ہیں
ہم تو بس اُن کی نگاہوں کو دُعا دیتے ہیں

جو بھی مجرم مری سرکار کے دامن میں چھپے
عرش والے اُسے جنّت کی سزا دیتے ہیں

عقل والوں کے نصیبوں میں کہاں ذوقِ جنوں
عشق والے ہیں جو ہر چیز لُٹا دیتے ہیں

اللہ اللہ کیے جانے سے نہ اللہ ملے
اللہ والے ہیں جو اللہ سے ملا دیتے ہیں

بندہ بنتا ہے خدا کا تو گدا بن اُن کا
جو فقیروں کو شہنشاہ بنا دیتے ہیں

یاد آتی ہے مدینے کی ٹھوکری جو ہمیں
غم کے مارے ہوئے کچھ اشک بہا دیتے ہیں

○

جسے مل گیا کملی والے کا دامن　اُسے دو جہاں کا خزانہ ملا ہے
بھلا باغِ جنّت کو وہ کیا کریگا　مدینے میں جس کو ٹھکانہ ملا ہے
کسی کو زمانے کی دولت ملی ہے　کسی کو جہاں کی حکومت ملی ہے
مَیں اپنے مقدّر پہ قربان جاؤں　مجھے یار کا آستانہ ملا ہے
نمازیں پڑھے جا اذانیں دیئے جا　شب و روز سجدے پہ سجدے کیے جا
نمازیں اُسی کی اذانیں اُسی کی　جسے پنجتن کا گھرانہ ملا ہے
دیئے جا تو زاہد خدا کی دہائی　خِرد نے تری چھین لی ہے رسائی
اُسی کی ہُوئی ہے یہ ساری خدائی　نبیؐ کا جسے آستانہ ملا ہے
جسے مل گئی اُن کے دَر کی گدائی　اُسے دولتِ دو جہاں ہاتھ آئی
درِ مصطفٰےؐ تک ہے جس کی رسائی　شفاعت کا اُس کو بہانہ ملا ہے
ظہوریؔ قلم کی یہی آبرو ہے　کہ ذکرِ محمّد سے یہ سُرخرو ہے
محمّد کا روضہ مرے رُوبرو ہے
دُرودوں کا مجھ کو ترانہ ملا ہے

صدائیں دُرودوں کی آتی رہیں گی جنہیں سُن کے دِل شاد ہوتا رہے گا
خُدا رکھے آباد اہلِ نظر کو محمّد کا میلاد ہوتا رہے گا

محمّد دیا حق نے اسمِ گرامی ہمیں جاں سے پیارا ہے یہ نامِ نامی
وسیلۂ رُومیؔ، وظیفۂ جامیؔ یہی نام ہے یاد ہوتا رہے گا

سکونِ دِل و جاں خیالِ نبیؐ ہے نگاہوں کا مرکز جمالِ نبیؐ ہے
جسے آرزوئے وصالِ نبیؐ ہے وُہ دِل غم سے آزاد ہوتا رہے گا

گُلوں کا تبسّم رُخِ والضحٰی سے وجودِ گُلستاں دمِ مصطفٰے سے
وُہ گُلشن نہیں ہے جہاں وہ نہیں ہے وہ خالی ہے برباد ہوتا رہے گا

لدا ہے جو شاہِ اُمم کی گلی کا اُسے کوئی طعنہ نہ دے مفلسی کا
وُہ اُجڑا نہیں ہے دَرِ ہے سخی کا حقیقت میں آباد ہوتا رہے گا

نوائے ظہوری ثنائے نبیؐ ہے مرادِ دین و ایمان رضائے نبیؐ ہے
جو محرومِ لطف و عطائے نبیؐ ہے وہ ناکام و ناشاد ہوتا رہے گا

○

تیرے قدموں میں آنا مرا کام تھا میری قسمت جگانا ترا کام ہے
میری آنکھوں کو ہے دید کی آرزو رُخ سے پردہ اٹھانا ترا کام ہے

تیری چوکھٹ کہاں اور میری جبیں تیرے فیضِ کرم کی تو حد ہی نہیں
جن کو دنیا میں کوئی نہ اپنا کہے اُن کو اپنا بنانا ترا کام ہے

میرے دِل میں تری یاد کا راج ہے ذہن تیرے تصور کا محتاج ہے
اِک نگاہِ کرم ہی مری لاج ہے لاج میری نبھانا تیرا کام ہے

آخری وقت ہو تیرے بیمار کا ایک قطرہ ملے جامِ دیدار کا
آخری میرے دل کی ہے حسرت یہی، اب یہ حسرت مٹانا ترا کام ہے

توشۂ آخرت ہے ثنا خوان کا ذِکر کرتا رہے تیرے فیضان کا
نعت تیری سُنانا مرا کام ہے میری بگڑی بنانا ترا کام ہے

میرے دِل کا سکوں میرے دِل کی صدا ہے ظہوری ثنائے حبیبِ خداؐ
یہ صدائے عقیدت اے بادِ صبا جا کے ان کو سُنانا ترا کام ہے

○

کیف ہی کیف ہے ساقی ترے میخانے میں
جانے کیا چیز پلا دیتے ہو پیمانے میں

تیری محفل سے نکل آئے تو محسوس ہُوا
گلستاں چھوڑ کے ہم آ گئے ویرانے میں

جو درِ یار پہ جُھکنے سے ہُوا ہے حاصل
وُہ مزا کعبے میں آیا ہے نہ بتخانے میں

قُربِ ساقی نے ہر اک رنج سے آزاد کیا
غم کا احساس نہیں ہے کسی مستانے میں

شمع روشن ہو تو پھر جاں کی حفاظت کیسی
ہوش باقی نہیں رہتا کسی پروانے میں

سُن کے عشاق اسے اپنی کہانی سمجھے
وہ حقیقت ہے ظہوری ترے افسانے میں

میری خوش بختی کے آثار نظر آتے ہیں
سامنے آنکھوں کے سرکار نظر آتے ہیں

جامِ صدیقؓ ہے لبریز مئے کوثر سے!
عالمِ وجد میں مے خوار نظر آتے ہیں

کِس کی مدہوش نگاہوں کا ہے اعجاز یہاں
رقص کرتے در و دیوار نظر آتے ہیں

جِس پہ پڑ جائے کِسی مردِ قلندر کی نظر
اُس کو سب فلسفے بیکار نظر آتے ہیں

حق پرستوں کے لہُو سے یہ صدا آتی ہے
اہلِ ایمان سرِ دار نظر آتے ہیں

جب سے آیا ہے ظہوریؔ ترے میخانے میں
دشت بھی اَب مجھے گلزار نظر آتے ہیں

○

نہیں ہے دعوٰے مجھے کوئی پارسائی کا!
سہارا بس ہے ترے در سے آشنائی کا
تمہارے چاہنے والوں میں کمتریں ہوں مگر
مری جبیں پہ نہیں داغ بے وفائی کا
امیر سارے جہاں کے اُسے سلام کریں
ہے جس کے ہاتھ میں کاسہ تری گدائی کا
ترے کرم نے کیا سب سے بے نیاز مجھے
نہیں ہے خوف زمانے کی کج ادائی کا
جہاں پہ اور دوا کوئی کارگر نہ ہوئی
اثر پڑا ہے ترے نام کی دُھائی کا
ظہوری روز بُلا کے مجھے وہ سنتے ہیں
صِلہ مِلا ہے مجھے میری خوش نوائی کا

ترے نام سے ہی تو میرا بھرم ہے
مری زِندگی تیرا لطف و کرم ہے

جہاں میں ہُوا سر اٹھانے کے قابل
ترے سامنے سر کیا جب سے خم ہے

ترے در سے وابستگی کی بدولت
نہ فکرِ جہاں ہے، نہ عُقبیٰ کا غم ہے

کِسی موڑ پر نہ قدم لڑکھڑائے
مرا رہنما تیرا نقشِ قدم ہے

اُسی چشم کو چشمِ بینا کہیں گے
میسر جسے سوزِ الفت کا غم ہے

سلامت رہے تیرا حُسنِ عنایت
ترے دَم سے ہی تو ظہوری کا دم ہے

○

ہُوا جو بھی تیری نظر کا نشانہ
اُسی کی خدائی اُسی کا زمانہ
ترے ظرفِ عالی نے ہی لاج رکھ لی
نہ تھا میرا کوئی جہاں میں ٹھکانہ
عبادت کے قصّے ریاضت کی باتیں
بجز پیرِ کامل فسانہ فسانہ
مقدر ہے ان کا سدا ہاتھ ملنا
ٹھکانے پہ آ کے جو ہوں بے ٹھکانہ
عقیدت کا دامن نہ ہاتھوں سے چھوٹے
یہی ہے محبت کا پہلا ترانہ
نگاہِ کرم ہے ضروری وگرنہ
کہاں میں کہاں یار کا آستانہ

○

کوئی مدہوش ہو جائے کوئی ہشیار ہو جائے
وہی خوش بخت ہے جس پر نگاہِ یار ہو جائے

عجب اعجاز ہے پیرِ مغاں کے لب کی جنبش میں
وہ دیوانہ جسے کہہ دے وہی ہشیار ہو جائے

ہجومِ میکشاں ساغر بکف ہے میکدے والو
مرے ساقی سے یہ کہہ دو کہ اب دیدار ہو جائے

گرا دو جام مستو! آج کی شب اور بڑھو آگے
قدم بوسی پہ ساقی کی ذرا تکرار ہو جائے

مبارک ہے گھڑی اے شیخ تو بھی جام اک پی لے
تری سوئی ہوئی تقدیر بھی بیدار ہو جائے

نہ ساغر ہے نہ پیمانہ ہے اک دل وہ بھی دیوانہ
ظہوری پر بھی اے ساقی نظر اک بار ہو جائے

○

اکٹھے ہو گئے جب بھی ترے میخوارِ میخانہ
خوشی میں جھوم جاتے ہیں درو دیوارِ میخانہ

وضو اشکوں سے ہوتا ہے یہاں ہر بادہ خوار دل کا
ہوئے سجدے ادا جب بھی ہوا دیدارِ میخانہ

مری آنکھوں میں کوئی روشنی جچتی نہیں یارو
مجھے جب سے نظر آنے لگے انوارِ میخانہ

نبیؐ کا عشق ، مرشد کی نظر بیداریاں شب کی
یہ دولت ہو تو پھر چلتا ہے کاروبارِ میخانہ

نگاہوں سے نگاہوں نے کیے لبریز پیمانے
اسی رسمِ وفا کا نام ہے دربارِ میخانہ

ظہوری قلب مضطر کی تمنا ہے دمِ آخر
رہے پیشِ نظر میرے ، مری سرکارِ میخانہ

○

جو محروم ہیں تیرے لطف و کرم سے پھریں گے سدا دَر بدر مارے مارے
نہیں بدنصیبی تو پھر اَور کیا ہَے ۔ سہارا مِلا اور ہُوئے بے سہارے
نظر آ رہا ہَے کہ دریا رواں ہَے مگر پُوچھتے ہیں کہ پانی کہاں ہَے
ستم یہ مقدّر کا دیکھو کہ پیاسے چلے جا رہے ہیں کنارے کنارے
ہُوئے دُور جو بھی ترے آستاں سے زمیں پہ سمجھو وہ گرے آسماں سے
بچھڑتے ہیں راہی جو خود کارواں سے، انہیں کس طرح اُن کی منزل پکارے
مِلی مُفت میں تھی محبّت کی دَولت سمجھ کر بھی سمجھی نہ کچھ قدر و قیمت
عقیدت کی بازی کو اِک کھیل سمجھا اُٹھے اِس طرح پھر کہ جیتے نہ ہارے
جنہیں مِل گیا تیرے غم کا سہارا ۔ سمجھتے ہیں طُوفان کو وُہ کنارا!
انہیں ہر قدم پر تمھاری نگاہیں سدا رہنمائی کے دیں گی اشارے
مِلی دولتِ درد مجھ کو ظہوری تمنّا ہُوئی ہَے مرے دِل کی پُوری!
مرے بختِ تاباں پہ ہیں رشک کرتے فلک کے چمکتے ہُوئے چاند تارے

○

سکونِ دِل آرامِ جاں مِل گیا ہے
مجھے یار کا آستاں مِل گیا ہے

غمِ یار جب سے میّسر ہُوا ہے
مِرے دِل کو اِک پاسباں مِل گیا ہے

مُقدّر کھُلا آج میری جبیں کا
تمھارے قدم کا نشاں مِل گیا ہے

نہ خوف آندھیوں کا نہ ڈر بجلیوں کا
گُلستاں میں وُہ آشیاں مِل گیا ہے

مِرے آکے منزل قدم چُومتی ہے
کہ ایسا مجُھے کارواں مِل گیا ہے

ہے تجُھ پر کسی کا کرم اے ظہوریؔ
تجھے ایسا طرزِ بیاں مِل گیا ہے

میرے ہاتھوں میں جام ساقی کا
میرے ہونٹوں پہ نام ساقی کا

لڑکھڑاتا ہے میری فطرت میں
تھام لینا ہے کام ساقی کا

پی رہا ہوں شراب اشکوں کی
سُن رہا ہُوں کلام ساقی کا

اہلِ دِل اِعتراف کرتے ہیں
فیض ہوتا ہے عام ساقی کا

چھوڑ دی راہ چلنے والوں نے
آرہا ہے غُلام ساقی کا

سُن رہے ہیں لبِ طہُوری پر
تذکرہ ہے مدام ساقی کا

ہوش و مستی سے مجھے کچھ بھی سروکار نہیں
تشنۂ دید ہوں ساغر مجھے درکار نہیں

میں ہوں سرکارِ دو عالم کے فدائی کا غلام
لائقِ نار ہو جو میں وہ گنہگار نہیں

جو انہیں دیکھ کے پھر اور کسی کو دیکھے
اک تماشائی ہے وہ طالبِ دیدار نہیں

اپنے ساقی کے سوا غیر سے مانگوں تو حرام
جو نیا میکدہ ڈھونڈے میں وہ میخوار نہیں

آپ سے بڑھ کے کسی اور کی چاہت ہو مجھے
نہیں ایسا نہیں ہرگز، مری سرکار نہیں

آپ کے لطف و کرم کا ہے ظہوری سائل
آپ سے بڑھ کے مرا کوئی بھی غمخوار نہیں

○

تری جس پہ ساقی نظر ہوگئی ہے
اسے دو جہاں کی خبر ہوگئی ہے

مِلا ہے مِری زِندگی کو ٹھکانہ
تِری ٹھوکروں میں بسر ہوگئی ہے

مجھے آستاں پر ہی رہنے دو ساقی
جبیں واقفِ سنگِ در ہوگئی ہے

اُجالا مِلا ہے مِری شامِ غم کو
تِری یاد آئی سحر ہوگئی ہے

مِرا جام بھی میکشو بھر گیا ہے
مِری آنکھ بھی آج تر ہوگئی ہے

ظہوری دُعا میں وُہ یاد آگئے ہیں
دُعا ہمکنارِ اثر ہوگئی ہے

○

نظامِ بادہ نوشی مرضیٔ پیرِ مغاں تک ہے
نگاہِ یار کی منزل خدا جانے کہاں تک ہے

کسی بھی غم کی اُلجھن ہو یا دِل کی بیقراری ہو
ہماری دوڑ تو بس اک ترے ہی آستاں تک ہے

غبارِ راہِ جاناں پر فدا اہلِ جنوں ہو جائے
خِرد کا منتہیٰ تو منزلِ نام و نشاں تک ہے

کرم اُن کا کہ ہوں میں مجلسِ حسانؓ میں شامل
رسائی میری نسبت کی نبیؐ کے مدح خواں تک ہے

پھر اس کے بعد محفل میں رہے گا دورِ خاموشی
یہ بادۂ ہُو تو یارو اختتامِ داستاں تک ہے

ترے دردِ محبت کو نصیرؔ کون سمجھے گا
یہاں اظہار کی صورت فقط طرزِ فغاں تک ہے

○

مرحبا سَرورِ کونین مدینے والے
ہم گنہگاروں کے سُکھ چین مدینے والے
نام ہونٹوں پہ ترا آیا تو محسوس ہُوا
مِل گئی دَولتِ دارین مدینے والے
یاد کر کے ترے دربار کے نظاروں کو
خُوب روتے ہیں مرے نَین مدینے والے
دیکھ لیتا ہوں مدینے کا مسافر جو کہیں
دِل مرا ہوتا ہے بے چین مدینے والے
ایک مُدّت سے ہوں بیتابِ زیارت آقا
ہو کرم صدقۂ حسنین مدینے والے
مَیں کہاں میری حقیقت ہی بھلا کیا ہے
تاجِ شاہاں تری نعلین مدینے والے

○

دِلدار بڑے آئے محبوب بڑے دیکھے
جو دیکھے سبھی انکے قدموں میں پڑے دیکھے

سردارِ دو عالم کی تعظیم کے کیا کہنے
مُرسل بھی سبھی جن کی راہوں میں کھڑے دیکھے

یاد اُنکے پسینے کی جب دِل میں اُتر آئی
پلکوں کے کنارے پہ موتی سے جڑے دیکھے

محبوب کی مدحت میں ہے تابِ سخن کس کو
سب اہلِ سخن میں نے حیرت میں گڑے دیکھے

اُن جیسا ظہوری اب آئیگا نہ دُنیا میں
دلدار بڑے آئے محبوب بڑے دیکھے

ظہوری صاحب اہلِ محبت و عقیدت کی محبوب شخصیت ہیں۔ میں نے اُن کو پہلی مرتبہ اپنے والدِ گرامی حضرت قبلہ پیر محمد معصوم بادشاہ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں کلام پیش کرتے ہوئے سنا۔ حضرت موصوف اقبالؒ اور دیگر اساتذہ کے علاوہ کسی کا کلام پسند نہیں فرماتے تھے لیکن ظہوری صاحب ان کا کلام کچھ اِس عقیدت و رقت سے سنتے کہ حضورؐ کی محبت میں ڈوب ڈوب جاتے ظہوری صاحب سے یہی محبت مجھے ورثہ میں منتقل ہوئی ہے

پیر آفتاب احمد مجددی
سجادہ نشین دربارِ عالیہ پورہ شریف

محترم الحاج محمد علی ظہوریؔ قصوری نعت گوئی اور نعت خوانی میں امام کی حیثیت رکھتے ہیں۔ یہ بات میرے نوکِ قلم پر ہی نہیں بلکہ ہر اہلِ محبت کی زبان پر ہے۔ ظہوری صاحب نے نعت گوئی کو محض صنف نہیں جانا بلکہ عقیدت قرار دیا ہے۔ اِس لحاظ سے ظہوری صاحب کی ہر نعت حُسنِ عقیدت و حُسنِ صنعت کا مجموعہ ہوتی ہے جو سُننے والے کے دِل میں مودّت کے چراغ روشن کر دیتی ہے۔

اختر سدیدی
فیصل آباد

ملک کے نامور، ممتاز ترین نعت گو الحاج محمد علی ظہوری قصوری کا مجموعۂ نعت نوائے ظہوریؔ شاہراہِ نعت میں سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ اِن کی کئی ایک نعتوں نے قبولِ عام کا اعزاز حاصل کیا ہے جن میں "جب مسجدِ نبوی کے مینار نظر آئے" کو خصوصی امتیاز حاصل ہے۔ جناب ظہوریؔ کی مختصر جسامت اور میانہ قامت عشقِ مصطفےٰ کا مجسّم مرکزِ نور ہے۔ غرضیکہ نوائے ظہوریؔ تعلقِ نیاز و صہبائے محبت کیف آگیں ایک ولولہ وجذبہ، ایک پیغام اور انقلاب ہے۔

علامہ شبیر احمد ہاشمی
لاہور

توصیفِ نبیؐ ہو گی مقدر سے ظہوری

جو اہلِ محبت ہیں وہ اظہار کریں گے

محمد علی ظہوری

مختصر سی مری کہانی ہے
جو بھی ہے ان کی مہربانی ہے

جتنی سانسوں نے ان کا نام لیا
بس وہی میری زندگانی ہے

کیف طاری ہو اشکباری ہو
یہ ہی ماحول نعت خوانی ہے

چشم تر سے سنائیں حال اپنا
خوش بیانی تو آنی جانی ہے

قبیلہ بنو نجار کی بچیوں کے نام

جنہیں مدینہ منورہ میں آنحضور ﷺ کی آمد پر
نعت خوانی کا اولیں شرف حاصل ہوا

توصیف

طلع البدر علینا من ثنیات الوداع
وجب الشکر علینا مادعا للہ داع
ایہا المبعوث فینا جئت بالامر المطاع
نحن وجوار من بنی النجار یا حبذا محمد من جار

ترجمہ

۱- پہاڑی کے اس موڑ سے، جہاں سے قافلے رخصت ہوتے ہیں،
آج چودھویں کا چاند نکل آیا ہے۔

۲- جب تک دنیا میں اللہ کا نام لیوا رہے گا، ہم پر شکر ادا کرنا واجب
رہے گا۔

۳- اے وہ ذات پاک ﷺ جس کو ہمارے درمیان بھیجا گیا ہے، آپ
واجب الاطاعت حکم لے کر آئے ہیں۔

۴- ہم بنی نجار کی لڑکیاں ہیں، اے خوش بخت کہ محمد ﷺ آج
ہمارے پڑوسی ہیں۔

فہرست

توصیف

ظہوری کی حضوری اور ان کی نعتیں

کچھ لوگ شروع ہی سے

خوش قسمت ہوتے ہیں۔ انہوں نے محنت اور کمائیاں نہیں کی ہوتیں۔ فقط خوش نصیبی کی چادر اوڑھی ہوتی ہے' اور اپنی کملی میں مست وہ مشقت کی مشکل ترین وادیوں سے بڑے اطمینان سے گزر جاتے ہیں۔ ان لوگوں کی بس ایک ہی خوبی ہوتی ہے کہ یہ ماننے والے لوگ ہوتے ہیں' اور جب ایک مرتبہ وہ کسی کو مان لیتے ہیں تو پھر تسلیم کے حلقے سے نہ تو باہر جھانک کے دیکھتے ہیں' اور نہ کسی دوسری آہٹ پر کان دھرتے ہیں۔ ظہوری بھی انہی خوش نصیبوں میں سے ایک ہے جو اولون اور سابقون کے نقوش قدم کے ساتھ ماننے والوں کے گروہ کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ گو فاصلہ دور کا ہے لیکن رشتہ قریب کا بلکہ بہت ہی قریب کا ہے۔ اس کی پکار کا لحن اور اس کی صدا کی دلسوزی وہی ہے جو اپنے آقا سے غلامی کی نسبت پیدا کرنے کے بعد ہر متعلق کا طرۂ امتیاز بن جاتی ہے۔ آج سے چند برس پہلے جب میں محمد علی ظہوری سے قصور میں ملا تھا تو یہ ایک نعت خوان تھے' اور ان کی آواز کا سحران کی عقیدت کے رشتوں کو محیط تھا۔ اب یہ خود نعت کہتے ہیں' اور اسی عقیدت اور محبت کے سہارے کہتے ہیں جس نے ان کو ہم سب کے درمیان خوش قسمتی کی چادر اوڑھا رکھی ہے۔ حضرات' نعت کہنا' نعت لکھنا اور نعت پڑھنا بڑے مقدر والوں کا کام ہے۔ بڑے بڑے اونچے درجے کے شاعر گزرے ساری اصناف سخن کا احاطہ کیا لیکن نعت نہ کہہ سکے' مگر

توصیف

چھوٹے چھوٹے سیدھے سادے فن سے نا آشنا شاعروں نے قدموں میں اپنے کچے بھاگ، ناپائیدار وجود اور بے حیثیتی کے سارے اثاثے ہاتھ باندھ کر ڈال دیئے اور مقبول ہو گئے۔ یہاں بھی سرخرو آگے بھی پاس یہاں بھی خوش آگے بھی بامراد۔ محمد علی ظہوری کی نعتیں فن کے عظیم نمونے یا فصاحت و بلاغت کے مرقعے نہیں جو ان پر میں ادبی عارضی و کچی روشنی ڈالوں۔ یہ تو عجز و نیاز اور انکسار اور اخلاط کی دست بستگیاں ہیں۔ جو محبوب کے پسندِ خاطر ہو جائیں تو فقیریاں شاہی میں تبدیل ہو جائیں۔ توجہ میں نہ آئیں تو غلاموں کی فہرست میں اندراج کا اذن ضرور بن جائیں۔ یہ نعتیں اونچے محلوں اور روشن ایوانوں کے لئے نہیں ہیں۔ وہاں پڑھی جانے والی نعتیں بھی بڑی بابرکت اور فضل و کرم کا موجب ہوتی ہیں۔ وہ بھی فروئی نعمت کا باعث ہوتی ہیں، لیکن یہ وہ نعتیں نہیں۔ ظہوری کی نعتیں میرے آپ کے ہمارے محلے اور کوچے کی عرض گزاریاں اور منتیں ہیں جنہوں نے ہمارے ذہنوں کی بجائے دلوں میں جگہ بنائی ہے۔ انہی سے ہم اپنی تاریک راتوں کو اجالتے ہیں اور انہی کے سہارے اپنی ذات کی سیپیوں میں پریم کا موتی پالتے ہیں۔ یہی خوش نصیب لوگ جن کا میں نے ابھی ذکر کیا۔ دولت دنیا اور دولت دین سمیٹنے والوں کی محفل میں جب کبھی آتے ہیں، تو منہ سے کچھ نہیں کہتے کچھ تو رعب بزرگی کی وجہ سے اور کچھ پاس ادب کی بنا پر لیکن کوئی اگر ان کی خاموش نگاہوں کی تحریر پڑھ سکے تو اس بیان کو ارض و سما کی وسعتوں میں گھومتا پائے کہ

اور مانگو نہ ظہوری کوئی بس اس کے سوا
اپنے اللہ سے اللہ کا پیارا مانگو

اشفاق احمد خاں

حمد

لائقِ حمد بھی، ثنا بھی تو
میرا معبود بھی، خدا بھی تو

تیرے اسرار کون جان سکے
سب میں موجود اور جدا بھی تو

بے نواؤں کی آخری امید
بے سہاروں کا آسرا بھی تو

التجا سب ترے حضور کریں
سب کی سنتا رہے دعا بھی تو

توصیف

تو ہی سب سے بڑا مسیحا ہے
سب مریضوں کو دے شفا بھی تو

باعثِ ابتدا ہے ذات تری
واقفِ رازِ انتہا بھی تو

جو نہ کوئی بھی جانے، تو جانے
آرزو تو ہے اور رضا بھی تو

تیرے در کے سبھی سوالی ہیں
قلب کا عرضِ مدعا بھی تو

تجھ سے ظاہر ظہور ہے سب کا
اور ظہوریؔ کی ہے صدا بھی تو

توصیف

شانِ حضور فکرِ بشر میں نہ آ سکے
کوئی بھی مصطفیٰؐ کی حقیقت نہ پا سکے

تفصیل کیا بیان ہو ان کے عروج کی
عرشِ علیٰ پہ ان کے سوا کون جا سکے

والفجر ان کے چہرے کو قرآن نے کہا
مہتاب ان کے حسن کی کیا تاب لا سکے

دیکھے جو ایک بار مدینے کی رونقیں
پھر وہ حرم کی یاد نہ دل سے بھلا سکے

توصیف

جو ہو سکا نہ ذکرِ محمدؐ سے آشنا
محشر میں وہ حضورؐ کو کیا منہ دکھا سکے

جس پر ظہوریؔ ان کی نگاہِ کرم رہے
اس کا نشاں نہ کوئی جہاں سے مٹا سکے

کوئی تسکیں نہ ملی اور نہ دوا کام آئی
ہر کڑے وقت میں آقاؐ کی ثنا کام آئی

ظلمتوں نے جہاں ماحول کو آلودہ کیا
ذکر سرکارؐ سے جو مہکی فضا، کام آئی

اٹھے طوفان کئی بار سفینے ڈوبے
رخ بدلنے کو مدینے کی ہوا کام آئی

سب طبیبوں کی جہاں چارہ گری ختم ہوئی

توصیف

نعت بیمار کی سننے کے لیے آپؐ آئے
اچھا کرنے کے لیے ان کی ردا کام آئی

صوت کا حسن بھی اظہار کو زینت بخشے
پیشِ سرکارؐ مگر دل کی صدا کام آئی

جا کے غاروں میں مرے واسطے رونے والے
حشر میں سب کے لیے تیری دعا کام آئی

روز محشر نہ ظہوریؔ تھا کوئی زادِ عمل
سرورؐ دیں کے تبسم کی ادا کام آئی

کوئی ثانی نہیں، محبوبؐ بنایا ایسا
رب نے سرکارؐ کے پیکر کو سجایا ایسا

مرتبہ ساری خدائی میں بڑا اس کو ملا
کوئی آئے گا کبھی اور نہ آیا ایسا

جو گرے تھے وہ اٹھے، دنیا کے سلطان بنے
مرے آقاؐ نے نگاہوں سے اٹھایا ایسا

دشمنِ جان تھے جو، ہمدم و دمساز بنے
میرے سرکارؐ نے بچھڑوں کو ملایا ایسا

توصیف

جان لینے کے لیے آئے، گرے قدموں میں
میرے آقاؐ نے انھیں جلوہ دکھایا ایسا

والیِ کون ومکاں ہو گئے مہمان ان کے
ابو ایوبؓ نے کُٹیا کو سجایا ایسا

داد دیتے ہیں سرِ عرش ملائک سارے
جشنِ میلاد غلاموں نے منایا ایسا

مرحبا کیوں نہ کہیں رحمتِ عالم کے غلام
ذکرِ سرکار ظہوریؔ نے سنایا ایسا

توصیف

لب پہ جاری نبیؐ کی ثنا چاہیے
ان کی الفت سے دل آشنا چاہیے

میرے سر کو حرم کی فضا چاہیے
میرے دل کو درِ مصطفیٰ چاہیے

آپ آئیں نہ آئیں یہ ان کی رضا
در کھلا چاہیے گھر سجا چاہیے

ہوش کو بھی کوئی ہوش باقی نہیں
آپ آئیں تو کیا مانگنا چاہیے

چپ کھڑا میں رہوں اور وہ کہتے رہیں
مانگو مانگو تمہیں اور کیا چاہیے

توصیف

پوچھنے آ گئے مجھ کو میرے حضورؐ
اس سے بڑھ کے مجھے اور کیا چاہیے

وقفِ سوز و الم، درد دل، چشمِ نم
ان کے بیمار کو کیا دوا چاہیے

صرف اپنی خبر خیر اچھی نہیں
درد اوروں کا بھی بانٹنا چاہیے

غرقِ عصیاں ہوں میں، وہ کہاں میں کہاں
دید کو چشم غوث الوریٰ چاہیے

شامل حال ہے ان کا لطف و کرم
امتی کو تو ان کی رضا چاہیے

وقت آخر ظہوری مہک جائے گا
ان کے دامن کی ٹھنڈی ہوا چاہیے

ﷺ

کام بگڑے بنا نہیں کرتے
آپ جب تک دعا نہیں کرتے

خود خدا بھی ہے نعت گو ان کا
بے سبب ہم ثنا نہیں کرتے

رب ملے کب بجز حبیبِ خدا
عمر گزری خدا خدا کرتے

تکتے رہتے ہیں گنبدِ خضریٰ
فرض ہم یہ، قضا نہیں کرتے

توصیف

جان و دل کرتے ہیں نثار ان پر
ان کے دیوانے کیا نہیں کرتے

شکوہ محبوب کا کسی سے بھی
ان کے عاشق سنا نہیں کرتے

انؐ کو جانے نہ اور ہم سے ملے
ہم نہیں ایسوں سے ملا کرتے

واپسی ہے ظہوریؔ مجبوری
وہ تو در سے جدا نہیں کرتے

سرکارؐ کے اوصاف کا اظہار کریں گے
ہم پر بھی کرم سیدؐ ابرار کریں گے

سرکارؐ کی توصیف وظیفہ ہے زباں کا
یہ جرم اگر ہے تو کئی بار کریں گے

اللہ بھی انھیں رکھے گا محبوب یقیناً
اللہ کے محبوبؐ سے جو پیار کریں گے

جس روز کوئی اور مددگار نہ ہو گا
اس روز شفاعت مری سرکارؐ کریں گے

توصیف

کچھ اشک ندامت ہی تو ہیں آخری پونجی
نذرانہ انھیں پیش، گنہگار کریں گے

مشکل کا ہمیں قبر میں احساس نہ ہوگا
ہم سرورؐ کونین کا دیدار کریں گے

جاؤ جو مدینے تو سنو کان لگا کے
سرکارؐ کی باتیں در و دیوار کریں گے

ہر آنکھ کو بخشا رخ زیبا نے اجالا
ہر قلب کو روشن یہی انوار کریں گے

بند آنکھیں بھی کرتی ہیں کبھی دید کسی کی
چپ رہتے ہوئے ہونٹ بھی اظہار کریں گے

توصیفِ نبیؐ ہوگی مقدر سے ظہوریؔ
جو اہلِ محبت ہیں، وہ اظہار کریں گے

وہ کیسا سماں ہوگا، کیسی وہ گھڑی ہوگی
جب پہلی نظر ان کے روضے پہ پڑی ہوگی

یہ کوچہ جاناں ہے، آہستہ قدم رکھنا
ہر جا پہ ملائک کی بارات کھڑی ہوگی

کیا سامنے جا کے ہم حال اپنا سنائیں گے
سرکارؐ کا در ہوگا، اشکوں کی جھڑی ہوگی

کچھ ہاتھ نہ آئے گا، آقاؐ سے جدا رہ کر
سرکارؐ کی نسبت سے توقیر بڑی ہوگی

توصیف

وہ شیشۂ دل غم سے میلا نہ کبھی ہوگا
تصویرِ مدینے کی جس دل میں جڑی ہوگی

ہو جائے جو وابستہ سرکارؐ کے قدموں سے
ہر چیز زمانے کی قدموں میں پڑی ہوگی

چارہ نہ کوئی کرنا اک نعت سنا دینا
ناچیز ظہوریؔ کی جب سانس اڑی ہوگی

وہی سب سے میٹھی زبان ہے جو مرے نبیؐ کی ثنا کرے
رہے جس میں یاد حضورؐ کی مرا رب وہ دل بھی عطا کرے

جو مزا ہے ذکرِ حبیبؐ میں ہے کسی کسی کے نصیب میں
وہی رنج و غم سے بچا رہے جو نبیؐ کو یاد کیا کرے

مرا سکھ مدینے میں حاضری، مرا دکھ مدینے سے واپسی
جو وہاں چلو تو دعا کرو، نہ خدا وہاں سے جدا کرے

ملا ہم کو ایسا کریم ہے، جو عظیم سے بھی عظیم ہے
وہ جو دشمنوں کے لیے بھی امن و سلامتی کی دعا کرے

توصیف

یہ صدا درود و سلام کی، ہے یہی متاعِ غلام کی
مرے ساتھ آخری سانس تک یہ صدا ہی جائے خدا کرے

میں نے ان کا نام جہاں لیا ہوا مجھ پہ سارا جہاں فدا
یہ ظہوریؔ بندۂ پر خطا بھلا کیسے شکر ادا کرے

صلی اللہ علیہ وسلم

زمیں آسماں میں مکاں لامکاں میں کوئی آپ سا ہے نہیں ہے نہیں ہے
وہ سدرہ کا راہی حبیبؐ الٰہی کوئی دوسرا ہے نہیں ہے نہیں ہے

سبھی انبیاء دے رہے ہیں گواہی وفا دار ہیں مصطفیٰؐ کے الٰہی
جو بنتا نہیں ہے مرے مصطفیٰؐ کا وہ بندہ خدا کا نہیں ہے نہیں ہے

سبھی دائیوں نے حلیمہؓ سے پوچھا، ترے پاس کیا ہے، کہا سعدیہ نے
[illegible]

توصیف

رہا عمر بھر غم جسے عاصیوں کا سرِ عرش بھی جو نہ امت کو بھولا
مثال اس کرم کی جواب اس عطا کا کہیں مل سکا ہے نہیں ہے نہیں ہے

کہاں تک کرے کوئی توصیف ان کی خدا جب کہ کرتا ہے تعریف ان کی
ظہوریؔ کسی سے نبیؐ کی ثنا کا ہوا حق ادا ہے نہیں ہے نہیں ہے

صلی اللہ علیہ وسلم

جمالِ گنبدِ خضریٰ عجیب ہوتا ہے
کسی کسی کو یہ منظر نصیب ہوتا ہے

اس ایک لمحے کا احوال ہو سکے نہ بیاں
گناہگار جب ان کے قریب ہوتا ہے

یہ پوچھ اہلِ نظر سے کہ جالیوں کے قریب
دل و نظر سے طوافِ حبیبؐ ہوتا ہے

بڑے بڑے اسے جھک کر سلام کرتے ہیں
گدائے کوئے نبیؐ کب غریب ہوتا ہے

توصیف

جمالِ یار کی حسرت میں جو مریض ہوا
جمالِ یار ہی اس کا طبیب ہوتا ہے

ظہوریؔ جس پہ نگاہِ کرم حضورؐ کریں
خدا کا بندہ وہی خوش نصیب ہوتا ہے

بنا ہے بگڑا ہوا کام یا رسولؐ اللہ
لیا ہے جب بھی ترا نام یا رسولؐ اللہ

ہمیں بھی اپنے فقیروں میں کر لیا شامل
یہ ہم پہ خاص ہے انعام یا رسولؐ اللہ

چراغ کتنے دلوں کے کرے سدا روشن
تمہارے شہر کی ہر شام یا رسولؐ اللہ

"پھر اس کے بعد چراغوں میں روشنی نہ رہی"
جب آپ آئے لب بام یا رسولؐ اللہ

توصیف

وہی تو دنیا کے ہر درد کا مداوا ہے
دیا جو آپؐ نے پیغام یا رسولؐ اللہ

کبھی تو آپؐ کے دیدار سے منور ہوں
مرے بھی گھر کے در و بام یا رسولؐ اللہ

نہ جس خیال میں تیرا خیال شامل ہو
وہی خیال تو ہے خام یا رسولؐ اللہ

تمہارے نام پہ جو چاہے، لے چلے مجھ کو
میں ایک بندۂ بے دام یا رسول اللہؐ

ظہوریؔ آپ کی نسبت سے سارے عالم میں
مرا بھی ذکر ہوا عام یا رسول اللہؐ

صلی اللہ علیہ وسلم

نگاہِ رحمت اٹھی ہوئی ہے وہ سب کی بگڑی بنا رہے ہیں
کھلا ہوا ہے کریم کا در، بھرے خزانے لٹا رہے ہیں

فلک کا سینہ دمک رہا ہے زمیں کا گلشن مہک رہا ہے
چھڑے ہیں صلِّ علیٰ کے نغمے حضور تشریف لا رہے ہیں

نہ ان سا کوئی عظیم دیکھا، نہ ایسا دُرِّ یتیم دیکھا
زمانہ ٹھکرا رہا ہے جن کو انھیں وہ سینے لگا رہے ہیں

کرے گا یہ حشر بھی نظارا ہمیں گے مشکل میں وہ سہارا
کریں گے ... انتظار ان کا، وہ آ رہے ہیں وہ آ رہے ہیں

توصیف

بروز محشر بوقت پرسش مجھے جو دیکھا فرشتے بولے
اِدھر پریشان کیوں کھڑے ہو تمہیں تو آقا بلا رہے ہیں

نبی کی توصیف اللہ کہ داد جبریل دے رہا ہے
ظہوری کیا خوش نصیب ہیں جو نبیؐ کی نعتیں سنا رہے ہیں

پیکرِ دلربا بن کے آیا، روحِ ارض و سما بن کے آیا
سب رسولؑ خدا بن کے آئے، وہ حبیبؐ خدا بن کے آیا

حضرتِ آمنہؓ کا دلارا، وہ حلیمہؓ کی آنکھوں کا تارا
وہ شکستہ دلوں کا سہارا، بیکسوں کی دعا بن کے آیا

دستِ قدرت نے ایسا سجایا، حسنِ تخلیق کو رشک آیا
جس کا پایہ کسی نے نہ پایا، وہ خدا کی رضا بن کے آیا

تاجداروں نے دی ہے سلامی، بادشاہوں نے کی ہے غلامی
بے مثال اس کا اسمِ گرامی، مجتبیٰ مصطفیٰ بن کے آیا

توصیف

مسندِ ناز عرش بریں ہے، بوریا جس کا فرشِ زمیں ہے
در کا دربان روحِ امیں ہے، سرورِ انبیاء بن کے آیا

وہ نبیؐ رحمتِ عالمیں ہے، جو بھی ہے ان کے زیر نگیں ہے
ایسا غمخوار دیکھا نہیں ہے، جیسا خیر الوریٰ بن کے آیا

ہے ظہوریؔ بڑی شان ان کی، مدح کرتا ہے قرآں ان کی
نعت پڑھتا ہے حسان ان کی، جو مرا رہنما بن کے آیا

کرم ہو نگاہِ کرم میرے آقاؐ
غلاموں کا رکھنا بھرم میرے آقاؐ

ترے ہی سبب سے بنی ہے خدائی
ترے دم سے ہے سب کا دم میرے آقاؐ

ترے شہر کی، تیری ہر اک ادا کی
خدا نے اٹھائی قسم میرے آقاؐ

خدا نے ہمیں بس ترا در بتایا
یہاں سے کہاں جائیں ہم میرے آقاؐ

توصیف

ہے مطلوب و محبوب و مقصودِ امت
تمہارا ہی نقشِ قدم میرے آقاؐ

ترے در پہ شاہ و گدا سب کھڑے ہیں
تو ہے تاجدارِ حرم میرے آقاؐ

اجاگر ترے دیں کی عظمت ہو ہر سو
مٹیں تیری امت کے غم میرے آقاؐ

ترا نام لیوا ہے ادنیٰ ظہوریؔ
کھڑا ہے لیے چشمِ نم میرے آقاؐ

مختصر سی مری کہانی ہے
جو بھی ہے ان کی مہربانی ہے

جتنی سانسوں نے ان کا نام لیا
بس وہی میری زندگانی ہے

کیف طاری ہو اشکباری ہو
یہ ہی ماحول نعت خوانی ہے

چشم تر سے سنائیں حال اپنا
خوش بیانی تو آنی جانی ہے

توصیف

ذکرِ سرکارؐ ہی رہے گا بس
باقی جو کچھ بھی ہے وہ فانی ہے

حبِ سرکار جس کا جوبن ہو
قابلِ دید وہ جوانی ہے

ان کی الفت بھی دل میں پیدا کر
ان کو صورت اگر دکھانی ہے

دل وہی عشق سے جو ہو معمور
گھر وہی جس میں شادمانی ہے

اک تمنا ظہوریؔ ہے دل کی
نعت ان کی انہیں سنانی ہے

زمانے بھر کے ٹھکرائے ہوئے ہیں
شہا در پر ترے آئے ہوئے ہیں

کرم کی بھیک ہے سب کی تمنا
سوالی ہاتھ پھیلائے ہوئے ہیں

عمل کا کوئی سرمایہ نہیں ہے
جھکی نظریں ہیں، شرمائے ہوئے ہیں

ندامت سے لرزتے چند آنسو
یہ نذرانہ ہے جو لائے ہوئے ہیں

توصیف

انھی کا ہوگیا سارا زمانہ
جنھیں سرکار اپنائے ہوئے ہیں

کھلے ہوں پھول جب اشکوں کے ہر سو
سمجھ لیجے کہ آپؐ آئے ہوئے ہیں

ظہوریؔ وہ سخن کی داد دیں گے
جگر پر چوٹ جو کھائے ہوئے ہیں

ﷺ

جب گرے، کوئی نہ آیا تھامنے
آبرو رکھ لی نبیؐ کے نام نے

کر رہا ہوں ذکر میں سرکارؐ کا
گنبدِ خضرا ہے میرے سامنے

میری آنکھوں میں ستارے بھر دیئے
شہرِ بطحا کی سہانی شام نے

منتشر تھے جو انہیں یکجا کیا
رحمتِ عالم کے اک پیغام نے

توصیف

حشر میں سب کی مٹائی تشنگی
ساقیٔ کوثرؐ کے شیریں جامؔ نے

ہے ظہوریؔ پر کرم محبوب کا
جو دیا ہے پیار خاص و عامؔ نے

توصیف

پھر ابرِ کرم برسا رحمت کی گھٹا چھائی
سرکارؐ کی یادوں سے مہکی مری تنہائی

تسکینِ دلِ مستاں عکسِ رخِ جاناں
محفل میں وہ کیا آئے جلووں کی بہار آئی

دیکھوں رخِ روشن کو ایسی بھی گھڑی آئے
محتاجِ زیارت ہے آنکھوں کی یہ بینائی

تسلیم کا سر خم ہو اور آنکھ بھی پرنم ہو
ہے اہلِ محبت کا پیمانۂ گویائی

توصیف

رحمت کی نظر ڈالے جس پر نہ کرم ان کا
اس دل کا مقدر ہے اک عالمِ تنہائی

اپنا تو ظہوریؔ بس اتنا سا تعارف ہے
میں آپؐ کا دیوانہ دنیا مری شیدائی

توصیف

تیری گلیوں پہ ہو رہی ہے نثار
باغِ جنت کی مسکراتی بہار

دیدہ و دل کو کر گیا روشن
ارضِ طیبہ کا بے مثال غبار

بارگاہِ حضورؐ میں ہی ملے
دل کو آرام اور صبر و قرار

سوزِ الفت سے شاد کام ہوا!
مل گیا جس کو دیدۂ بیدار

توصیف

ابر رحمت کا پڑ گیا چھینٹا
جان و دل کیف سے ہوئے سرشار

ہے تمنا دلِ ظہوریؔ کی
دیکھے سرکارؐ کا سدا دربار

ذرہ قدموں کا ترے چاند ستارے جیسا
کوئی آیا نہ زمانے میں تمہارے جیسا

